# منصب کے امور اور اہلیت
(Job Description & Specification)

| JOB/SIQ/03 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | ڈویژن | شعبہ (Department) | اجتماعی قربانی |
| منصب (Designation) | ڈویژن ذمہ دار | جوابدہ (Report to) | صوبائی ذمہ دار |
| کام (Function) | دعوت اسلامی کے تحت ہونے والی اجتماعی قربانی کے انتظامات شرعی وتنظیمی طریقہ کار کے مطابق کرنا اور مسائل حل کرنا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | ڈسٹرکٹ ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. ڈویژن سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. اجتماعی قربانی کے مقامات طے کروانا، جانوروں کو باندھنے کے لئے کشادہ اور محفوظ جگہوں کے انتظامات کروانا اور اجتماعی قربانی کے حوالے سے ذمہ داران کی تربیت کرنا۔
6. ڈویژن سطح پر تشہیری سامان (بینرز اور رسید بکس وغیرہ) کی چھپوائی (Printing) کروانا نیز ان کو بروقت متعلقہ ذمہ داران تک پہنچانے اور تقسیم کروانے کے انتظامات کروانا۔
7. بکنگ آفس کا اہتمام کروانا نیز حصہ ڈالنے اور قربانی سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے فون اور واٹس ایپ نمبرز وائرل کروانا۔
8. ذمہ داران کی باہمی مشاورت (Mutual Consultation) سے حصہ کی رقم طے (Fixed) کرکے اجتماعی قربانی کے لئے حصوں کی بکنگ شروع کروانا۔
9. حصہ داروں کے لئے وکیل مقرر کروانا نیز وکالت نامہ پڑھ کر سنانے اور وکیل کے دستخط (Signature) کروانے کے نظام کو مضبوط کرنا۔
10. بکنگ کے مطابق جانوروں کی خریداری کروانا، خریدے گئے جانوروں کو ٹیگ لگوانا نیز ماہر و تجربہ کار قصاب سے جانور ذبح کرنے کی اُجرت طے کرنا/کروانا۔
11. اجتماعی قربانی کے گوشت کی تقسیم (Distribution) کے لئے بالٹیاں، شاپنگ بیگز اور ترازو کا اہتمام کروانا نیز قربان گاہ میں پانی، بجلی اور لائٹ وغیرہ کے انتظامات کروانا۔
12. قربان گاہ سے جانوروں کی آلائشوں و فالتو اجزاء کو بروقت اٹھوانے اور جگہ کی مکمل صفائی ستھرائی کروانے کے نظام کو مضبوط کرنا۔
13. اجتماعی قربانی کے ذمہ داران کی QMS (Qurbani Management System) سافٹ ویئر کے حوالے سے تربیت (Training) کرنا/کروانا۔
14. اجتماعی قربانی کی آمدن واخراجات (Income & Expenses) کا مکمل ریکارڈ بنوانا اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ داران کے ذریعے اجتماعی قربانی کا آڈٹ (Audit) کروانا۔
15. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز طے شدہ کاموں کا نفاذ کرنا۔
16. تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
17. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
18. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
19. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
20. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** انٹر میڈیٹ + مینیجمنٹ ڈپلومہ
- **دینی تعلیم:** بنیادی فرض علوم، ناظرہ
- متعلقہ ڈیپارٹمنٹ میں کم از کم 3 سال کا تجربہ۔ نوٹ:۔ مدنی (درس نظامی) کو ترجیح دی جائے گی
- Leadership, People Management, Verbal Communication, Adaptability, Management Skills, Conflict Resolution, Conceptual Skills, Collaboration & Teamwork

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔